بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور

پریس ریلیز

مورخہ 22 اگست 2021

سالانہ امتحان 9th صرف اختیاری مضامین کا ہو گا۔ کنٹرولر امتحانات تعلیمی بورڈ بہاول پور کی وضاحت

نہم کے امتحان میں فریش اور صرف پارٹ فرسٹ امپرووکا داخلہ بھیجنے والے امیدوار اہل ہونگے،

( ) کنٹرولر تعلیمی بورڈ بہاول پور پروفیسر مظہر حسین کھوکھر نے وضاحت کی ہے کہ سالانہ امتحان نہم 2021 مورخہ 28 اگست سے شروع ہو رہا ہے جس کی رول نمبر سلپس جاری کر دی گئی ہیں اور یہ کہ حکومت پنجاب کی COVID-19 پالیسی کے مطابق اس امتحان میں جماعت دہم کی طرز پر صرف اختیاری مضامین بشمول ریاضی کا امتحان لیا جائے گا۔ اس ضمن میں تفصیلات بتاتے ہوئے کنٹرولر امتحانات نے میڈیا کو بتایا کہ کچھ حلقوں کی طرف سے افواہ سازی کی گئی ہے کہ بورڈ تمام مضامین کا امتحان لے رہا ہے۔ جس میں اختیاری اور لازمی شامل ہیں جبکہ حقیقت حال کی وضاحت کرتے ہوئے کنٹرولر امتحانات نے طلبا کو تاکید کی ہے کہ وہ صرف اختیاری مضامین بشمول ریاضی کی تیاری کریں اور کسی افواہ پر کان نہ دھریں۔

کنٹرولر امتحانات